**20/04/2025**

**12.30 PM(5 min)**

**Signature Tune**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ  عمر مختار سے خبریں سُنئے**

**جموں**

**جموں ڈویژن کے کچھ اضلاع مینخراب موسمی صورتحال کے نتیجے میں کچھ جانی نقصان کے ساتھ ساتھ بہت مالی نقصان بھی ہوا ہے ۔ اطلاعات کے مطابق ریاسی ضلع میں آسمانی بجلی گرنے کے نتیجے میں دو خانہ بدوش اپنے چالیس بھیڑ بکریوں کے ساتھ جان بحق ہو گئے ہیں ۔**

**اسی طرح سے تیز آندھیوں کے نتیجے میں پونچھ اور راجوری اضلاع میں کئی مکانوں اور دکانوں کو بھی شدید نقصان پہنچا ہے ۔ اس دوران رام بن ضلع میں بھی دِگر گوں موسمی صورتحال کے نتیجے میں جان و مال کا نقصان ہو گیا ہے ۔ معلوم ہوا ہے کہ ضلع کے سیری باگنہ علاقے میں ایک مکان آسمانی بجلی کی زد میں آ گیا جس کے نتیجے میں تین افراد جان بحق ہو گئے جبکہ لاکھوں روپے کا مالی نقصان بھی ہو گیا۔**

**رام بن کے ساتھ ساتھ کچھ دیگر علاقوں میں سیلابی ریلے بھی آ گئے ہیں ، جس کے نتیجے میں متاثرہ علاقوں میں معمولات زندگی متاثر ہو کر رہ گئے ہیں۔**

**شاہراہ**

**نا ساز موسمی صورتحال کے نتیجے میں سرینگر جموں قومی شاہراہ کو بھی کئی مقامات پر نقصان پہنچا ہے اور نتیجے کے طور پر نیشنل ہائی وے پر ٹریفک کی آمد رفت معطل ہو کر رہ گئی ہے،جس کے مختلف مقامات پر بھاری برکم پسیاں اور چٹانیں کھِسک آئی ہیں ۔**

**ہمارے کولگام کے نمائندے خورشید پڈرو سے بات کرتے ہوئے ایس ایس پی رام بن کُلبیر سنگھ نے بتایا کہ خطے میں بارشیں لگاتار ہو رہی ہیں اور کئی گاڑیاں ملبے کے نیچے دبی ہوئی ہےں ۔**

**------BYTE -------**

گوکہ شاہراہ کو بحال کرنے کے لئے متعلقہ عملہ اور مشینری کام پر لگے ہوئے ہیں تاہم مسافروں سے کہا گیا ہے کہ وہ نیشنل ہائی وے کی مکمل بحالی تک اس پر سفر نہ کریں ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے رام بن ضلع میں طغیانی آنے کے نتیجے میں ہوئے جان و مال کے نقصان پر شدید رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے متاثرہ کنبوں کے ساتھ یکجہتی ظاہر کی ہے ۔

ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ سرکار امداد اور راحت رسانی کی کاروائی کے لئے مقامی انتظامیہ کے ساتھ رابطے میں ہے ۔ وزیر اعظم کے دفتر میں وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے بھی جان و مال کے اس نقصان پر زبردست رنج و غم کا اظہار کیا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ متاثرین تک ہر ممکن مدد پہنچائی جا رہی ہے ۔

صوبائی کمشنر

صوبائی کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری نے افسروں کی ایک ایمر جنسی میٹنگ کے دوران نا ساز موسمی صورتحال کے بعد لازمی خدمات کی بحالی کے کام کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے تمام ڈپٹی کمشنروں اور دیگر متعلقین کو کنٹرول روم شروع کرنے اور زمینی سطح پر صورتحال کی نگرانی کرنے کی ہدایت دی ۔

Irrigation اور فلڈ کنٹرول کے محکمے نے مطلع کیا کہ وادی میں فی الحال سیلاب میٹنگ میں کا کوئی خطرہ نہیں ہے ۔

SMC

اِدھر شہر سرینگر کے نشیبی علاقوں میں جمع ہوئے پانی کی نکاسی کے لئے سرینگر میونسپل کارپوریشن کے کمشنر اویس احمد نے شہر کے اہم علاقوں میں De-watering کی کاروائیوں کا جائزہ لیا ۔

بارہمولہ

ضلع انتظامیہ بارہمولہ نے ان علاقوں کے لوگوں کو چوکس رہنے کی ہدایت دی ہے جہاں پانی جمع ہونے کا زیادہ خطرہ ہے ۔ انتظامیہ نے 01952-234343 نمبر کے ساتھ ایک کنٹرول رول قائم کیا ہے ۔

**شوپیان**

اُدھر ڈپٹی کمشنر شوپیان ششر گپتا نے اس ژالہ بھاری سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کر کے وہاں فصلوں اور باغات کو پہنچے شدید نقصان کا بر سر موقع جائزہ لیا ۔

**ڈپٹی کمشنر سرینگر**

ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے مال محکمے سے جڑے امور کا جائزہ لیا ۔انہوں نے تمام ریونیو ریکارڈ کو سکین اور ڈیجٹائز کرنے کا خاص طور پر جائزہ لیا ۔

اس مقصد کے لئے انہوں نے تحصیل سطح پر کمیٹیاں تشکیل دینے کی ہدایت دی تاکہ Digitisation کا کام 15 دن کے اندر مکمل کیا جا سکے ۔ اس دوران ڈپٹی کمشنر سرینگر نے یاترا ٹرانزِٹ کیمپ پنتھہ چوک کا بھی دورہ کیا ۔

**پلوامہ**

ضلع صنعتی مرکز پلوامہ کی طرف سے اُدھیم رجسٹریشن کے بارے میں ایک جانکاری پروگرام منعقد کیا گیا ، جس میں DIC پلوامہ کے جنرل منیجر کے علاوہ دیگر متعلقہ محکموں کے افسروں نے شرکت کی ۔

وِشو کرما // وزیر اعظم روزگار ضمانتی پروگرام اور دیگر سکیموں کے PM پروگرام کے دوران 115 استفادہ کنندگان کا اندراج کرایا گیا ۔

**اننت ناگ**

اننت ناگ ضلع میں اَنڈر ٹرائل جائزہ کمیٹی کی ایک میٹنگ ضلع لیگل سروسز اتھارٹی اننت ناگ کے چیر مین طاہر خورشید رینہ کی صدارت میں منعقد ہوئی ۔میٹنگ میں ڈپٹی کمشنر اننت ناگ سید فخر الدین حامد اور دیگر متعلقہ عہدیدار موجود تھے جنہوں نے متعلقہ معاملات پر تبادلہ خیال اور غور و خوض کیا ۔

**کپواڑہ**

محکمہ سکولی تعلیم کپواڑہ کی طرف سے نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت ایک پروگرام منعقد کیا گیا ۔ ضلع انتظامیہ کے باہمی اشتراک سے اس پروگرام کے دوران عوام سے تاکید کی گئی کہ منشیات کے مضر اثرات کے بارے میں خود با خبر ہو جائیں اور دوسروں کو بھی اس سے

بچانے میں اپنا رول ادا کریں ۔ پروگرام میں سکولی بچوں اور اساتذہ کے علاوہ والدین اور عام لوگوں نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ